بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
مَنْ غَشَّ الْعَرَبَ لَمْ یَدْخُلْ فِیْ شَفَاعَتِیْ وَلَمْ تَنَلْہُ مَوَدَّتِیْ : (رزین)

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ راوی ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس شخص نے عربوں کے ساتھ بغض و عناد رکھا وہ میری شفاعت میں داخل نہ ہوگا اور نہ اسے میری محبت حاصل ہوگی۔

رضاخانیت اور تقدیسِ حرمین

علماء و ائمہ حرمین شریفین اور خادمان ارض مقدسہ
کے خلاف بریلوی مذہب کے پیشواؤں کے ۴۵ فتوے

تالیف

ترجمان اہلِ سنت علامہ سعید احمد قادری

ناشر

مکتبہ حنفیہ ○ اردو بازار گوجرانوالہ

۱۶-۵۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عن عثمان بن عفان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
من غش العرب لم یدخل فی شفاعتی ولم تنله مودتی: ترمذی

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ راوی ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ
جس شخص نے عربوں سے ساتھ بغض و عناد رکھا وہ میری شفاعت میں داخل
نہ ہوگا اور نہ اسے میری محبت حاصل ہوگی

رضاخانیت اور تقدیسِ حرمین

علماء و ائمہ حرمین شریفین اور خاندان ارسخ سنیہ
کے خلاف بریلوی مذہب کے پیشواؤں کے ۵۰ فتوے

تالیف

ترجمان اہلِ سنت علامہ سعید احمد قادری

ناشر

مکتبہ حنفیہ ○ اردو بازار گوجرانوالہ

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

نام کتاب ——— رضاخانیت اور تقدیس حرمین

نام مؤلف ——— علامہ سعید احمد قادری

ناشر ——— مکتبہ حنفیہ گلی ڈاک خانہ والی ۔ اُردو بازار گوجرانوالہ

ضخامت ——— ۱۹۲ صفحات

سائز ——— ۳۶×۲۲ / ۱۶

کتابت ——— صوفی عبدالرحمٰن ۔ کامونکے

طبع اوّل ——— ۸ فروری ۱۹۸۶ء

تعداد ——— تین ہزار (۳۰۰۰)

قیمت ——— ۱۶/۵۰ روپے

سیون برادرز پرنٹنگ پریس لاہور

اِنتساب

بندہ اپنی اس تالیف کو بصد اخلاص و احترام شیخ طریقت، رہبر شریعت، سلطان العارفین، سراج السالکین، زبدۃ السالکین، عمدۃ السالکین، رئیس المتکلمین، شیخ المشائخ، حامی توحید و سنت، قامع شرک و بدعت، شیخ المحدثین، مقدام المفسرین بخاری، دوراں آکوسی زماں شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید **حسین احمد** مدنی رحمۃ اللہ علیہ کہ جنہوں نے ستّرہ سال تک روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ میں درس حدیث دیا و شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند کے نام منسوب کر کے سعادت حاصل کرتا ہوں کہ جن کے نعرۂ حق کی گونج سے باطل کے ایوانوں میں زلزلہ آجاتا اور جن کے علمی و روحانی فیوض و برکات کے چشمے انشاء اللہ تعالیٰ تاقیامت جاری و ساری رہیں گے۔

خاکپائے اکابرین اہل سنت وجماعت علمائے دیوبند

سعید احمد قادری عفی عنہٗ

بمقام مہتہ جھیڈو ڈاک خانہ خاص ۔ تحصیل چشتیاں

ضلع بہاول نگر

۲۵ جنوری ۱۹۸۶ء

○

سستا ہے بھاؤ ؟

بریلی کے فتوؤں کا ہے سستا ہے بھاؤ

جو بکتے ہیں کوڑی کے اب تین تین

خدا نے انہیں یہ کہہ کر ڈھیل دی

وَ اُمْلِیْ لَهُمْ اِنَّ كَیْدِیْ مَتِیْنٌ

(مولانا ظفر علی خان رح)

○

مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

(از فاضل جلیل، عالم نبیل، مناظر اہل سنت، سیف بے نیام لاعدائے اسلام
استاذ العلماء حضرت مولانا حافظ محمد حبیب اللہ ڈیروی دامت برکاتہم
استاذ الحدیث مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ)

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِیْمِ۔

اما بعد: میرے محترم مکرم بھائی حضرت مولانا علامہ سعید احمد صاحب قادری مدظلہ العالی نے چند ذرائع سے بریلوی علماء کے فتاوٰی جمع کئے ہیں جو حرمین شریفین کے آئمہ کرام کی امامت کے سلسلہ میں تھے۔ راقم الحروف نے بھی ان فتاوٰی کے بعض مقامات کو پڑھا ہے۔ ان فتاوٰی میں بریلوی حضرات نے لکھا ہے کہ حرمین شریفین (یعنی مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ) کے اماموں کے پیچھے نماز پڑھنا ناجائز ہے۔ کیونکہ وہ وہابی نجدی ہیں اور کافر ہیں (معاذ اللہ) حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ وہ پکے مسلمان ہیں۔ البتہ چند مسائل فروعیہ میں ہمارا اور ان کا اختلاف ہے۔ کیونکہ ہم حنفی ہیں اور وہ حنبلی، شافعی، مالکی ہیں یعنی حضرت امام احمد بن حنبل رح کی تقلید کرنے والے ہیں۔ اس لئے ان کی اقتداء میں نماز پڑھنا درست ہے۔ بریلوی حضرات کے اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی فتاوٰی افریقہ میں ایک حدیث نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر نیک و بد کے پیچھے نماز پڑھا کرو۔

جب فاسق کی اقتدا بھی جائز ہے تو نجدی حنبلیوں کی اقتداء کیونکر صحیح نہیں ہو

سکتی ۔ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ فتاویٰ رشیدیہ میں فرماتے ہیں کہ نجدیوں کے عقائد عمدہ ہیں ۔ شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدیؒ شرک و بدعت ، نذر و نیاز کے سخت مخالف تھے۔ پہلے سمجھاتے تھے ، بعدہٗ نہ ماننے والے کے خلاف جہاد کر کے ان کے مال لوٹ لیتے تھے۔ اسی طرح ان کے نزدیک بے نماز بھی کافر تھا جیسا کہ امام احمد بن حنبلؒ کا مسلک ہے ، اس لئے اس کو بھی قتل کر دیتے تھے جس کی وجہ سے شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدیؒ کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈہ کیا گیا ۔ یہ جھوٹا پروپیگنڈہ اتنا مشہور ہوا کہ نیک دل و مخلص علمائے کرامؒ بھی اس سے متاثر ہوئے جس کی بناء پر انہوں نے بھی چند سخت کلمات اپنی تحریروں و تقریروں میں استعمال کئے ۔ چنانچہ شیخ الاسلام حضرت مولانا سیّد حسین احمد مدنیؒ و حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ نے بعد میں اپنی تحریروں سے رجوع فرمالیا اور ان کا یہ رجوع اخبار "زمیندار" میں ان کی زندگی میں چھپا تھا ۔ مولانا محمد منظور نعمانی مدظلہ العالی اپنے رسالہ "الفرقان" لکھنؤ میں شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدیؒ کے متعلق ایک خصوصی اور طویل مقالہ کئی قسطوں میں شائع کرتے رہے ہیں ۔ حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ کا رجوع انہوں نے ، اخبار "زمیندار" لاہور ۱۳۴۴ھ کے حوالہ اور اکابر کے خطوط ۔ نامی کتاب سے نقل فرمایا ہے ۔ (الفرقان لکھنؤ دسمبر ۱۹۷۶ء) اسی طرح انہوں نے اخبار "زمیندار" لاہور کے حوالہ سے "الفرقان" میں حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ کا بھی رجوع نقل فرمایا ہے ۔ الفرقان لکھنؤ کے چند رسائل جو شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدیؒ کے متعلق ہیں قابلِ دید ہیں ۔

بریلوی حضرات کا یہ جھوٹا پروپیگنڈہ کہ نجدی معاذ اللہ کفار ہیں اور حرمین شریفین پر کفار کا قبضہ ہے ۔ یہ بہت شرمناک جھوٹا پروپیگنڈہ ہے اور حدیث شریف کی صریح مخالفت ہے ۔ کیونکہ حدیث شریف میں آتا ہے کہ مدینہ منوّرہ ہمیشہ اسلام کا مرکز رہے گا ، چنانچہ بریلوی حضرات کے حکیم الامت مفتی احمد یار خان گجراتی لکھتا ہے "معلوم ہوا کہ مدینہ

منوّرہ ہمیشہ سے اسلام کا مرکز ہے اور رہے گا ، وہاں انشاء اللہ کبھی بھی شرک نہ ہوگا ۔
(جاء الحق جلد ۲ صـ ۲۵۶)

بریلوی حضرات بعض دفعہ آئمہ حرمین شریفین کے پیچھے نماز نہ پڑھنے کی یہ وجہ بیان کرتے ہیں کہ وہ ہمیں مشرک کہتے ہیں ۔ اس لئے ہماری نماز ان کے پیچھے درست نہیں ہے ۔ لیکن جب بریلوی حضرات کو یہ تسلیم ہے کہ مدینہ منوّرہ والے باشندگان مُوحّد ہیں مشرک نہیں ہیں تو وہ حضرات اگر بریلوی حضرات کو مشرک کہتے ہیں تو ٹھیک کہتے ہیں ۔ اگر بریلوی حضرات ٹھنڈے دل سے اپنے عقائدِ شرکیہ پر غور کریں اور ان سے تائب ہو جائیں تو وہ حضرات ان کو مشرک نہ کہیں گے ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی :۔

اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْ قَبْرِیْ وَثَنًا یُّعْبَدُ ۔ (بخاری)

ترجمہ :۔ اے اللہ ! میری قبر کو بُت نہ بنانا کہ اس کی عبادت کی جائے ۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ کی دعا قبول فرمائی اور روضۂ اطہر کے پہریدار مُوحّدین کو چُن لیا ۔ فلہٰذا جب کوئی مشرک سجدہ یا چُومنے کے لئے روضۂ اطہر کے قریب جاتا ہے تو خدائی محافظ اس پر ڈنڈے برساتے ہیں ۔ یہ تو دنیا میں مشرک کے لئے عذاب ہے ۔ آخرت کا عذاب ہمیشہ اور سخت ہوگا ۔ اللہ تبارک و تعالیٰ ہر مسلمان کو شرک سے بچائے ۔ (آمین)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :۔

مَا بَیْنَ بَیْتِیْ وَمِنْبَرِیْ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِّیَاضِ الْجَنَّۃِ وَ مِنْبَرِیْ عَلٰی حَوْضِیْ ۔ (بخاری شریف صـ ۲۵۲/۱)

ترجمہ :۔ میرے حجرہ اور منبر کے درمیان جو حصّہ ہے وہ جنّت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور میرا منبر حوضِ کوثر پر ہے ۔

برادرانِ اسلام!

جماعت کے ساتھ مسجد نبوی میں نماز نہ پڑھنے والا منافق ہے اور گستاخِ رسول ہے۔ اس کو دنیا میں سمجھ لو آخرت میں پھر سمجھنے کا موقعہ ہاتھ نہیں آئے گا۔ مسجد نبوی میں مسلمان (حاجی حضرات) چالیس نمازیں اس لئے نماز باجماعت ادا کرتے ہیں تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق انہیں ان تین چیزوں سے برات حاصل ہو جائے۔ اور جو شخص بدبخت یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ مسجدِ نبوی کے مصلّٰی پر اور مسجد حرم (کعبۃ اللہ) کے مصلّٰی پر کافر امام کا قبضہ ہے وہ خدا تعالیٰ کا بھی گستاخ ہے کہ خدا کو عاجز سمجھتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی گستاخ ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حرمین شریفین ہمیشہ اسلام کا مرکز رہیں گے (یعنی یہاں کفار کا قبضہ نہیں ہو سکتا)۔

ایسے عقیدہ والے گستاخ شخص کے ساتھ مسلمانوں کو تمام تعلقات ترک کر دینے چاہئیں۔ رشتہ، نکاح، سلام اور ان کے جنازہ میں شریک نہ ہوں۔ ان کے پیچھے نمازیں پڑھنا حرام ہے۔ ان کے ساتھ محبت و دوستی رکھنی حرام ہے۔ جو شخص جس سے محبت رکھتا ہے قیامت کے دن اسی کے ساتھ ہوگا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔

مَنْ غَشَّ الْعَرَبَ لَمْ يَدْخُلْ فِي شَفَاعَتِي وَلَمْ تَنَلْهُ مَوَدَّتِي۔ (مشکوٰۃ ص۵۵۲)

ترجمہ:۔ جس شخص نے عرب والوں سے دشمنی و بغض رکھا وہ میری شفاعت میں داخل نہ ہوگا اور نہ اسے میری محبت حاصل ہوگی۔

میرے محترم بھائی علامہ سعید احمد صاحب قادری نے مجھے اس بہترین تالیف کے مقدمہ لکھنے کا حکم فرمایا۔ راقم الحروف نے اپنے علم کے مطابق

سبحان اللہ! کتنی پیاری حدیث ہے اور کتنے خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو مسجد نبوی میں نماز باجماعت کے وقت رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ والے حصہ میں ہوتے ہیں خدا تعالیٰ کی رحمتیں ان پر برس رہی ہوتی ہیں اور معدودے چند مشرک و بدبخت وہ بھی ہوتے ہیں جو جماعت کے وقت جماعت سے الگ ہونے کے لئے بہانہ بنا کر بیت الخلاء میں وقت گذار دیتے ہیں وہ بیت الخلاء جو ماؤنی (ٹھکانا) شیطان ہے خدا کی رحمت سے یہ بدبخت لوگ محروم ہو جاتے ہیں۔ ایسا کام منافقوں کا ہے۔ مسلمانوں کا نہیں ہو سکتا۔

ایک دفعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقوں کو مسلمانوں کی جماعت سے علیحدہ کر دیا تھا۔ پس معلوم ہوا کہ مدینہ منورہ میں جو شخص مسلمانوں کی جماعت سے علیحدہ ہوتا ہے دراصل وہ منافق ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔

مَنْ صَلّٰى فِي مَسْجِدِي أَرْبَعِينَ صَلٰوةً لَا تَفُوتُهُ صَلٰوةٌ كُتِبَتْ لَهُ بَرَاءَةٌ مِّنَ النَّارِ وَبَرَاءَةٌ مِّنَ الْعَذَابِ وَ بَرِئَ مِنَ النِّفَاقِ۔ (منتخب کنز العمال علی مسند احمد ص۳۵۶/۵)

ترجمہ:۔ جس شخص نے میری مسجد میں چالیس نمازیں پڑھیں کوئی نماز اس کی قضاء نہیں ہوئی تو ایسے شخص کے لئے تین چیزوں سے برات لکھ دی جائے گی۔ جہنم کے عذاب سے، قبر وغیرہ کے عذاب سے اور منافقی سے برات (یعنی ایسا شخص منافق نہ ہوگا)۔

مکمل نماز وہی ہوتی ہے جو جماعت کے ساتھ پڑھی جائے۔ کیونکہ جو لوگ جماعت کے ساتھ نماز نہ پڑھتے تھے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواہش ظاہر فرمائی کہ جماعت کی نماز پڑھانے کے لئے کسی اور کو مقرر کر کے ان لوگوں کے گھروں کو جلا دوں جو نماز باجماعت نہیں پڑھتے۔

اس پر تبصرہ کر دیا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ علامہ صاحب کی محنت کو قبول فرما دے اور انہیں مزید خدمتِ اسلام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیرِ خلقہٖ محمدٍ
وّعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ اجمعین۔

حافظ محمد حبیب اللہ ڈیروی غفرلہٗ ولوالدیہ

۲۱ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۶ھ / ۲ فروری ۱۹۸۶ء

ایک گذارش

قارئین کرام سے التماس ہے کہ بندہ ناچیز حقیر فقیر پُرتقصیر راقم الحروف کو اپنی علمی بے بضاعتی کا علم ہے۔ اگر اس رسالہ میں ان کی نظر میں کتابت کی یا لفظی غلطی آئے تو بجائے طعن و تنقید کے بندہ کو تحریراً مطلع فرما کر مشکور فرمائیں تاکہ آئندہ طبع میں اس کا تدارک کیا جا سکے۔ بندہ ناچیز نے حتی الوسع صحت کا خاص اہتمام کیا ہے۔ حق تعالیٰ سے دعا ہے کہ بندہ ناچیز کی اس حقیر سی کوشش کو شرفِ قبولیت بخشے۔ (آمین)

سعید احمد قادری عفی عنہٗ

عرضِ مؤلف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

گذشتہ پندرہ سالوں سے رضاخانی اہلِ بدعت فرقہ معرضِ وجود میں آیا جو عقائد و اعمال کے لحاظ سے انگریز سرکار کے پُرانے مدح خواں کفر کے سپریم کورٹ کے جسٹس امام المکفرین، مکفر الصحابہ والمسلمین، مجددِ بدعات، شرک و بدعت پرنٹنگ پریس کا مالک، دھوکہ منڈی کا تاجر، بانس بریلی کے عمارت خانہ سے نکلنے والا وہ موذی جراثیم والا کیڑا، حامی شرک و بدعت، ماحیٔ توحید و سنت عبداللہ بن سبا کے روحانی فرزند مولوی احمد رضا خان بریلوی خذلہٗ اللہ تعالیٰ فی الآخرۃ کے متبعین و مقلدین ہیں جو اپنے سوا تمام مسلمانوں کو کافر و گستاخِ رسول و گستاخِ اولیاء قرار دیتے ہیں اور اپنے کو دین اسلام کا ٹھیکیدار سمجھتے ہیں۔ حالانکہ یہ ان کی سراسر جہالت اور حماقت ہے۔ یہ سادہ لوح مسلمانوں کو یہ کہتے ہیں کہ ہم اہلِ سنت ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ رضاخانی ہی اہلِ بدعت ہیں۔ ان کو اہلِ سنت کہنا شریعتِ اسلامیہ کی شدید توہین ہے۔ کیونکہ انہوں نے دینِ اسلام میں جو اختراعات و بدعات داخل کر کے شریعتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کا نقشہ اس طرح بگاڑ کے رکھ دیا ہے جو گلوں سے بھی ممکن نہ تھا۔ عوام الناس کے لیے اس غالی فرقہ نے ایسی مشکلات پیدا کر دی ہیں کہ عوام بیچارے سنت و بدعت میں تمیز نہیں کر سکتے یہ سب کچھ شرک و بدعت کے موذی جراثیم کا اثر ہے جو لوگوں کو روشنی سے نکال

کر اندھیرے کی طرف، صدق سے نکال کر کذب کی طرف، صراطِ مستقیم سے نکال کر غیر المغضوب علیھم ولا الضالین ہ کی طرف لے جا رہے ہیں۔ یہ شاطر فرقہ لفظ اہلِ سنت استعمال کر کے سادہ لوح مسلمانوں کو شرک و بدعت کے پُرفریب جال میں پھنسانے میں کامیاب ہو جاتا ہے، اور یہ وہی شرک و بدعت کے پجاری ہیں کہ جن کے متعلق حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مکتوبات میں بایں طور نشاندہی فرمائی ہے ایک مرتبہ ولی کامل حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے خواب دیکھا کہ ابلیس ملعون بیکار بیٹھا ہوا ہے حضرت نے پوچھا کہ اے ابلیس تیرا کام ہے لوگوں کو گمراہ کرنا، شریعتِ محمدیہ کے خلاف لوگوں کے ذہنوں میں اوہام پیدا کرنا توحید و سنت سے ہٹا کر شرک و بدعت کا پجاری بنانا قرآن و حدیث کے صحیح مسائل کے مقابلہ میں واقعات ہ ذبہ کی تعلیم دینا، مُنَزَّلٌ مِنَ اللّٰہِ مسئلہ میں بدعت کی آمیزش کرنا تاکہ عوام الناس خالص دینِ اسلام پر عمل کرنے کی بجائے حامیٔ شرک و بدعت کا مصداق بن جائیں اور تو اپنے مشن کو چھوڑ کر بیکار کیوں بیٹھا ہوا ہے۔ ابلیس ملعون نے جواب دیا کہ آپ کا سوال درست ہے لیکن بات یہ ہے کہ ایسے لوگ پیدا ہو چکے ہیں جو صحیح معنوں میں میرے جانشین ہیں اور وہ میرے لائے ہوئے مشن کو آگے بڑھا رہے ہیں اس لئے اب میری ضرورت ختم ہو چکی ہے حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے واقعہ سے معلوم ہو چکا کہ رضاخانی اہل بدعت ابلیس ملعون کی تعلیمات پر کاربند ہیں اور اس ضال و مضل فرقہ نے لوگوں کی عاقبت تباہ کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے تاکہ لوگ مذہب اسلام کو چھوڑ کر رضاخانی مذہب کے پیروکار بن جائیں۔ اگر اہلِ سنت و جماعت علمائے دیوبند رضاخانیوں سے سوال کرتے ہیں کہ تم توحید و سنت کو چھوڑ کر شرک و بدعت پر عمل پیرا کیوں ہو تکفیر المسلمین، تکفیر علمائے امت خصوصاً تکفیر آئمہ حرمین کا مکروہ دھندا جو تم نے چلا رکھا ہے۔ خدارا اس سے باز آؤ، باز

آؤ، باز آؤ۔ تو جواب دیتے ہیں تو پھر اعلیٰ حضرت بریلوی کے لائے ہوئے دین کا مقصد ہی کیا ہے یعنی کہ اعلیٰ حضرت کی تعلیمات کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اعلیٰ حضرت بریلوی فرماتے ہیں کہ میرے دین و مذہب پر عمل کرنا ہر فرض سے اہم فرض ہے۔ (وصایا شریف)

اگر رضاخانیوں سے پوچھا جائے کہ تم شریعتِ اسلامیہ میں اختراعات و بدعات کی ملاوٹ کیوں کرتے ہو تو جواب دیتے ہیں۔ تو پھر مدرسہ بریلی شریف کی بنیاد رکھنے کا مقصد ہی کیا۔؟ یہ رضاخانی فرقہ جو شرک و بدعت کو ہی دین سمجھتا ہے اور اپنے زعم فاسد کی بنا پر اس پر عمل پیرا ہونے کو فلاحِ دارین سمجھ بیٹھا ہے یہ ان کی جہالت و کوتاہ فہمی کی دلیل ہے۔ علاوہ ازیں یہ ضال و مضل و غالی و شاطر فرقہ اپنے شرک و بدعت کے مکروہ اثرات سے آئمہ حرمین شریفین کے تقدس کو کس طرح پامال کر رہا ہے کہ آئے دن نئے فتوے جاری کر رہے ہیں کہ آئمہ حرمین شریفین کی اقتدار میں نماز جائز نہیں بلکہ باطل ہے۔ ان کی اقتدار میں پڑھی ہوئی نماز واجب الاعادہ ہے۔ اگر نماز نہ لوٹائی جائے تو عند اللہ بہت بڑا مجرم ہے، مستحق عذاب ہے جو غلطی سے آئمہ حرمین شریفین کی اقتدار میں نماز پڑھ بھی لے تو اس نماز کا دوبارہ پڑھنا اشد ضروری ہے۔ اگر نہیں پڑھے گا تو عذاب ہوگا۔ رضاخانی ہر ایک کو یہی تعلیم دیتے ہیں کہ جب فریضہ حج ادا کرنے جاؤ تو وہاں جا کر آئمہ حرمین شریفین کے پیچھے نماز نہ پڑھنا بلکہ اپنی نماز علیحدہ پڑھنا اولیٰ ہے۔ حتیٰ کہ یہاں تک کہہ دیتے ہیں کہ طہارت خانہ میں بیٹھا رہنا بہتر ہے۔ (از مفتی محمد رمضان بریلوی۔ از مدرسہ حزب الاحناف۔ لاہور) تاکہ آئمہ حرمین کی اقتدار میں نماز پڑھنے سے بچ جاؤ۔"

اس قسم کے شرمناک اور غلیظ فتوے جاری کرنے کو رضاخانی اہل بدعت دین

اسلام کی خدمت سمجھتے ہیں اور سادہ لوح مسلمانوں کو بایں طور دھوکہ دینے میں کامیاب ہو جاتے ہیں کہ ہم حنفی ہیں اور حنفی کو غیر حنفی کی اقتدار میں نماز ادا کرنا جائز نہیں، حالانکہ یہ رضاخانی اہلِ بدعت کی فریب کاری، مکّاری، عیّاری ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ ——— امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ تعالیٰ یہ چاروں آئمہ حق پر ہیں اور ان چاروں آئمہ کا آپس میں مسائل کے بارے میں حق و باطل کا اختلاف ہرگز نہیں ہوتا بلکہ اولیٰ اور غیر اولیٰ یعنی راجح و مرجوع میں اختلاف ہوتا ہے۔ اور جہاں تک آئمہ حرمین شریفین کے عقائد کا تعلق ہے یہ حضرات آئمہ ثلاثہ یعنی کہ امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمد بن حنبلؒ کے مقلد ہیں۔ پکے سچے موحد مسلمان ہیں جو کوئی آئمہ حرمین شریفین کے ایمان میں شک کرتا ہے وہ درحقیقت خود ایمان جیسی نعمتِ عظمیٰ سے محروم ہے اور ایک امام کے مقلد کو دوسرے امام کے مقلد کی اقتدار میں نماز ادا کرنا بالکل جائز ہے بلکہ اکیلا نماز پڑھنے سے غیر حنفی امام کی اقتدار میں نماز پڑھنا افضل ہے۔

مسلک علمائے جمہور کا یہ ہے کہ حرمین شریفین میں فضیلت کی بنا پر ان کی اقتدار میں نماز ادا کرنا مطلقاً جائز ہے۔ اب تو حنفی اور غیر حنفی کا مسئلہ ہی ختم ہو گیا۔ اولیاءِ کرام، فقہائے کرام، محدثینِ عظام، مفتیانِ شرع نے تصریح فرمائی ہے کہ حنفی کو غیر حنفی امام کی اقتدار میں نماز پڑھنا جائز ہے اور جب کوئی فریضۂ حج ادا کرنے جائے تو اکیلا نماز پڑھنے سے آئمہ حرمین شریفین کی اقتدار میں نماز پڑھنا افضل ہے۔ اگر آئمہ حرمین شریفین کی اقتدار چھوڑ کر اکیلا نماز پڑھتا ہے تو وہ مخالف ہے سلفِ صالحین کا۔

سردست اولیائے کرام، فقہائے عظام کے چند اقوال ملاحظہ فرمائیں:۔

۱۔ حضرت علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں:۔

فتحصل ان الاقتداء بالمخالف المراعی فی الفرائض افضل من انفراد اذا لم یجد غیرہ۔ الخ خلاصۂ کلام یہ کہ مخالف مذہب کی اقتدار اگر وہ فرائض میں رعایت کرتا ہے تو انفرادی نماز پڑھنے سے اس کی اقتدار میں نماز پڑھنا افضل ہے جب اسے مذہب کے امام کو نہ پائے

(فتاویٰ شامی جلد ۱ صفحہ ۵۲۷)

۲۔ آئمہ حرمین شریفین کی اقتدار میں نماز بغیر کسی فساد کے جائز ہے۔ حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی ہونے کا اختلاف موجبِ فساد نہیں ہوتا اور اللہ تعالیٰ کے کسی غیر کو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام ہوں یا اولیائے کرام ان یا کوئی اور ہو کسی کو عالم الغیب، حاضر و ناظر اور مختارِ کل مافوق الاسباب سمجھے تو وہ پکا مسلمان ہے اس کے پیچھے نماز بلا کراہت جائز ہے۔

۳۔ مذہب حنفیہ میں اس بارہ میں تحقیق یہ ہے کہ اقتدار حنفی بامام شافعی المذہب جائز ہے اور معتبر عند الشافعیہ بھی یہی معلوم ہوتا ہے ان کے نزدیک بھی اقتدار شافعی بامام حنفی درست ہے۔

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند جلد ۳ صفحہ ۲۲۳ مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ)

۴۔ آئمہ حرمین شریفین اختلافی مسائل کی رعایت رکھتے ہیں اس لئے انکے پیچھے نماز صحیح و درست ہے۔

۵۔ علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے جن امور میں متابعت ترک کرنی چاہیئے ان کی اشکال میں یہ بیان کیا ہے:۔

ومثال ما تجب فیہ المتابعۃ مما لیس فیہ الاجتہاد ما ذکرہ القہستانی فی شرح الکنز المنیۃ والجلابی بقولہ

كتكبيرات العيد وسجدتي السهو قبل السلام والقنوت بعد الركوع في الوتر۔ الخ (ص۳۱۴ مهم في تحقيق المتابعة)

اس سے معلوم ہوا کہ مقتدی حنفی کو اس بارہ میں اتباع امام شافعی المذہب کا کرنا چاہیئے۔ پس صورت مسئولہ میں نماز حنفی مقتدی کی ہوگئی۔

(فتاوی دار العلوم دیوبند جلد ۱ ص۲۱۹-۲۲۰)

فتویٰ مذکورہ سے ثابت ہوا کہ جب وتر میں اقتدار جائز ہے تو فرائض میں بدرجۂ اولیٰ جائز ہے۔

۶۔ صاحب ہدایہ رقمطراز ہیں:۔

وقال صاحب المحيط وقاضي خان وغيرهما انما يصح الاقتداء بالشافعية ودلت المسئلة على جواز الاقتداء بالشفعوية۔

(ہدایہ اولین ص۱۴۵-۱۴۶)

۷۔ حنفی کی نماز شافعی المذہب والے کے پیچھے صحیح ہے۔

(فتاوی دار العلوم دیوبند جلد ۲ ص۱۹۴)

۸۔ شیخ سراج الدین رحمۃ اللہ علیہ تو امام ابوبکر رازی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کا اعتقاد رکھتے تھے۔ لفتح یعنی اقتدار بہر حال جائز ہے۔

(عین الہدایہ جلد ۱ ص۵۳۱)

۹۔ شیخ امام نسب معروف السید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ حنبلی تھے تو کیا حنفی ہمارا حضرت قطب کی اقتدار مکروہ جانتا ہے۔ پس جب اس بزرگ قطب ربانی کی نماز قبول ہے تو اس بیچارے مقتدی کی بھی اس امام کے پیچھے قبول ہوگی، اور جو اس کا مخالف ہے پس یہ مخالف سلف صالحین ہے۔

(عین الہدایہ جلد ۱ ص۴۴۸)

۱۰۔ پس مطلق ہر ایک کا اقتدار دوسرے کے پیچھے بدون کسی شرط کے صحیح ہے۔

(عین الہدایہ جلد ۱ ص۴۴۸)

۱۱۔ علامہ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ نے مختصر المزنی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا کہ جو لوگ اصولِ اعتقاد میں متفق و فروعِ عملیات میں مختلف ہیں ان کے پیچھے اقتدار کرنا بلا کراہت جائز ہے۔ (عین الہدایہ جلد ۱ ص۵۳۸)

۱۲۔ اقتدائے حنفی بشافعی کا مسئلہ میرے نزدیک بہت ضروری قابلِ تحقیق ہے، اور اصل مسئلہ یہ ہے کہ جو لوگ اس ایمان پر قائم ہیں جس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و آپ کے اصحاب و اہلِ بیت تھے حتیٰ کہ فرقہ ناجیہ اہل السنۃ والجماعۃ اور صحیح اعتقاد حق پر ہیں۔ اصول یعنی عقائد میں متفق ہیں جس پر ایمان کا مدار ہے۔ فروع یعنی ثواب کے اعمال میں جملہ ضروریات پر بھی متفق ہیں اور دیگر اعمال ثواب جن میں اللہ تعالیٰ نے اجتہاد پر عمل کرنے کی اجازت دی ہے اور ہر مجتہد کے لئے اس کا اجتہاد از راہِ قبولیت و ثواب کے قبول فرمایا ہے تو اس میں مجتہدوں کے اجتہاد پر ہیں یعنی ایک مجتہد کے اجتہاد پر عمل کرتا ہے مثلاً حنفی ہے اور دوسرا دوسرے مجتہد کے اجتہاد پر عمل کرتا ہے۔ مثلاً شافعی ہے تو کیا نماز میں ایک دوسرے کے پیچھے اقتدار کر کے جماعت کرنا جائز ہے یا نہیں.... اور امام مصنف ہدایہ بدلیل مسئلہ قنوت الفجر کے اقتدار جائز نکالی ہے۔ (عین الہدایہ جلد ۱ ص۵۳۷)

۱۳۔ شافعی امام ہو تو حنفی کی اقتدار اس کے ساتھ اکثر مشائخ کے نزدیک جائز ہے۔

(عین الہدایہ جلد ۱ ص۵۳۱)

مندرجہ بالا تمام اقوال سے یہ بات اظہر من الشمس ثابت ہو چکی کہ ہر ایک کو آئمہ حرمین شریفین کی اقتدار میں نماز ادا کرنا بلا کراہت جائز ہے بلکہ افضل ہے اور جو لال بجھکڑ بدنصیب ناعاقبت اندیش آئمہ حرمین شریفین کی اقتدار میں نماز ادا کرنے

سے منع کرتا ہے۔ وہ دراصل عزازیل کا پیروکار ہے۔ جو عزازیل کی پیروی کرتا ہے وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں سمجھے۔ اور جو کوئی آئمہ حرمین شریفین سے بغض وعناد رکھے گا اس کے متعلق امام الانبیاء حبیبِ کبریا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ وہ نمک کی طرح پگھل کر تباہ و برباد ہو جائے گا۔

ارشادِ نبویؐ ہوتا ہے :۔

● ۔ عَنْ سَعْدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَکِیْدُ اَھْلَ الْمَدِیْنَۃِ اَحَدٌ اِلَّا انْمَاعَ کَمَا یَنْمَاعُ الْمِلْحُ فِی الْمَاءِ۔ (متفق علیہ)

ترجمہ:۔ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کرتے ہیں کہ جو کوئی بھی مدینہ منورہ کے رہنے والوں کے ساتھ مکر کرے گا وہ ایسا گھل جائے گا جیسا کہ پانی میں نمک گھل جاتا ہے۔

● ۔ زیدؓ بن اسلم فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا کی اے اللہ جو مدینہ والوں کے ساتھ بُرائی کا ارادہ کرے تو اسے اس طرح پگھلا دے جیسا کہ رانگ آگ میں اور نمک پانی میں اور چکنائی دھوپ میں۔ (کنز العمال)

● ۔ اِنِّیْ حَرَّمْتُ الْمَدِیْنَۃَ کَمَا حَرَّمَ اِبْرَاھِیْمُ مَکَّۃَ۔ (مسلم)

ترجمہ:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا میں مدینہ منورہ کو باحرمت قرار دیتا ہوں، جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ مکرمہ کو حرم قرار دیا۔

● ۔ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تَنْفِیَ الْمَدِیْنَۃُ شِرَارَھَا کَمَا یَنْفِی الْکِیْرُ خُبْثَ الْحَدِیْدِ۔ (مسلم)

ترجمہ:۔ قیامت قائم نہیں ہوگی تاوقتیکہ مدینہ اپنے میں سے شریر لوگوں کو دُور نہیں کر دے گا جیسا کہ بھٹی لوہے کے مَیل کو دور کر دیتی ہے۔

● ۔ بخاری و مسلم میں ہے جابرؓ بن عبداللہ سے یہ روایت مروی ہے کہ ایک اعرابی

نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی۔ پھر اس اعرابی کو مدینہ میں بخار آگیا وہ اعرابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا اے محمد! صلی اللہ علیہ وسلم بیعت واپس کردو (توڑ دو) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکار کیا۔ وہ دوبارہ آیا اور پھر یہی عرض کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر انکار کیا۔ وہ سہ بار آیا اور یہی کہا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر انکار کر دیا۔ چنانچہ وہ اعرابی مدینہ سے چلا گیا۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مدینہ بھٹی کی طرح ہے۔ اپنے میں سے بُرے لوگوں کو دُور کر دیتا ہے، اور نیک لوگوں کو اور پختہ اور خالص بناتا ہے۔

● ۔ بخاری و مسلم ہی کی ایک روایت ہے۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ مدینہ بُرے لوگوں کو اس طرح دُور کر دیتا ہے جیسا کہ بھٹی لوہے کے مَیل اور زنگ کو دُور کر دیتی ہے۔

● ۔ صحیح مسلم میں عبداللہ بن زید بن ثابتؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ مدینہ طیبہ ہے اور یہ بُرے آدمیوں کو اس طرح دُور کر دیتا ہے جیسا کہ آگ چاندی کے مَیل کو دُور کر دیتی ہے۔

● ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ——— مَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ یَّمُوْتَ بِالْمَدِیْنَۃِ فَلْیَمُتْ فَاِنَّہٗ مَنْ مَّاتَ بِالْمَدِیْنَۃِ کُنْتُ لَہٗ شَفِیْعًا شَھِیْدًا۔

ترجمہ:۔ جو شخص مدینہ منورہ میں مرنے کی طاقت رکھتا ہو تو اُسے وہیں مرنا چاہیئے اس لئے کہ جو شخص مدینہ منورہ میں انتقال کرے گا میں اس کا سفارشی گواہ ہوں گا۔ (بیہقی)

● ۔ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعا احادیث میں موجود ہے :۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَھَادَۃً فِیْ سَبِیْلِکَ وَاجْعَلْ مَوْتِیْ بِبَلَدِ رَسُوْلِکَ۔ (بخاری)

ترجمہ۔ الٰہ العالمین مجھے اپنے راستے میں شہادت عطا فرما اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر میں موت عطا فرما۔

قطب الارشاد حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری رحمتہ اللہ علیہ نے بھی یہی دعا فرمائی تھی کہ حق تعالیٰ انہیں مدینہ منوّرہ میں موت نصیب فرمائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کی دُعا کو قبول فرمایا اور ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمادی۔

کنز العمال ہی کی روایت میں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے بھیجا گیا ہے تاکہ میں اہلِ بقیع کے لئے دعا کرو اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ میں اہلِ بقیع کے لئے استغفار کرو اور ایک مفصّل روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جبریل امین میرے پاس آئے اور فرمایا کہ تمہارا پروردگار اس بات کا حکم دیتا ہے کہ تم اہلِ بقیع کے لئے استغفار کرو۔ یہ روایت صحاحِ ستّہ میں مختلف طرق سے مروی ہے اور کعب الاحبار جو تورات کے بڑے عالم تھے فرماتے ہیں کہ تورات میں لکھا ہے کہ جنّت البقیع ایک قبہ کی طرح ہے جس پر مستقل فرشتوں کی جماعت مقرر ہے کہ جب وہ پُر ہو جائے تو اُسے جنّت میں اُلٹ دیں۔

بخاری و مسلم میں ہے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ——— امرت بقریۃ تاکل القریٰ یقولون یثرب وھی المدینۃ تنفی الناس کما ینفی الکیر خبث الحدید۔

ترجمہ:۔ مجھے ایسی بستی میں رہنے کا حکم دیا گیا جو ساری بستیوں کو کھالے۔ لوگ اس بستی کو یثرب کہتے ہیں۔ اس کا نام مدینہ ہے اور وہ (بُرے) آدمیوں کو اس طرح دُور کر دیتی ہے جیسا کہ بھٹی لوہے کے مَیل کچیل کو دُور کر دیتی ہے۔

سب بستیوں کو کھا لینے سے اس چیز کی طرف اشارہ ہے کہ مدینہ منوّرہ کو اتنی فضیلت حاصل ہے اور تمام بستیوں کی فضیلتیں اس کے سامنے کالعدم ہیں۔

پس معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قیام مدینہ منوّرہ میں اپنے ارادے سے نہیں تھا بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہاں قیام کیا گیا تھا۔

قاضی عیاض رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مدینہ منوّرہ میں کسی ایسی بات کا ارتکاب جو کہ خلافِ شریعت ہو یہ اکبر الکبائر میں سے ہے۔ اس لئے ایسے شخص کے لئے اللہ تعالیٰ نے اتنی سخت وعید بیان فرمائی کہ اللہ تعالیٰ بھی اس شخص کو اپنی رحمت سے دُور فرما دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فرشتے بھی اس کے لئے دعائے رحمت نہیں کرتے۔

نیز بزار نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فتحت البلاد بالسیف وفتحت المدینۃ بالقرآن۔ کہ تمام شہر تلوار کے ذریعے فتح کئے گئے اور مدینہ منورہ قرآن کے ذریعے فتح کیا گیا۔

بخاری و مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اِنَّ الْاِیْمَانَ لَیَاْرِزُ اِلَی الْمَدِیْنَۃِ کَمَا تَاْرِزُ الْحَیَّۃُ اِلٰی جُحْرِھَا۔ کہ ایمان مدینہ منورہ کی طرف ایسا کھینچ کر آتا ہے جیسا کہ سانپ اپنے سوراخ کی طرف کھینچ آتا ہے۔

حضرت ثابت قیس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا۔ مدینہ کا غبار کوڑھ کی بیماری کے لیے شفا ہے۔ اور

حضرت علی رضؓ اور حضرت انس رضؓ سے بخاری و مسلم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منوّرہ کے بارے میں فرمایا کہ جس نے مدینہ منوّرہ میں کوئی نئی بات نکالی یا کسی بدعتی کو پناہ دی تو اس پر خدا کی اور اس کے

فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے، نہ اس کا کوئی فرض قبول کیا جائے گا اور نہ کوئی اسکی نفل اور امام مالکؒ نے اس شخص کی نسبت تیس دُرّے مارنے اور قید کرنے کا حکم دیا تھا جس نے یہ کہا تھا کہ مدینہ منورہ کی مٹی خراب ہے اور فرمایا تھا کہ یہ تو اس لائق تھا کہ اس کی گردن مار دی جاتی۔ ایسی سرزمین کے متعلق جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرما ہیں یہ کہتا ہے کہ مٹی خراب ہے۔

یاد رہے کہ اگر مٹی کی توہین کرنے سے اس قدر سزا کا مستحق ہے تو پھر آئمہ حرمین شریفین کے خلاف شرمناک فتویٰ جاری کرنے والا بدنصیب شخص کس قدر سخت سزا کا مستحق ہوگا جو یہ کہتا ہے کہ فریضۂ حج ادا کرنے کے لئے جانا تو وہاں جاکر آئمہ حرمین شریفین کی اقتداء میں نماز مت پڑھنا اپنی نماز اکیلے پڑھنا۔ اگر آئمہ حرمین کی اقتداء میں نماز پڑھو گے تو گنہگار اور مستحقِ عذاب ہو گے۔ وغیرہ وغیرہ۔

رضا خانی اہلِ بدعت مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ کی عظمت سے بہرہ ور ہوتے تو کبھی بھی اس سنگین گستاخی کا ہرگز ارتکاب نہ کرتے اور ایک خصوصیت مدینہ منورہ کی یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مدینہ طیبہ کی وبا منتقل کرکے مدینہ منورہ کو عظمت عطا فرمائی اور مدینہ منورہ کی مٹی کو شفا قرار دیا اور طاعون اور دجّال سے اسے محفوظ لکھا۔

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وہ مقامات متبرکہ جو کہ وحی اور نزولِ قرآن مجید اور فرقانِ حمید سے آباد رہے ہیں اور جن میں کہ جبرائیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام نے آمد و رفت رکھی ہے اور جن سے فرشتے اور ارواحِ طیبہ آسمان کو چڑھے اور جن کے میدان ربّ جلیل کی تسبیح و تقدیس سے گونجے ہیں اور جس سرزمین کی خاک پاک، افضل البشر، خیر البشر، سید البشر، امام الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مشتمل ہے اور جس مقام سے عالم میں دینِ الٰہی اور سُنتِ نبوی پھیلی ہے اور جو آیاتِ الٰہی اور عبادات کی درس گاہ بنی ہے اور فضائل و حسنات کے مشہد اور براہین و

معجزات کے مستقر اور مسلمانوں کے مناسک اور سید المرسلین، شفیع المذنبین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی مسکن رہی ہے اور جس جگہ سے چشمہ نبوت جاری اور اس کا دریا موجزن ہوا ہے اور جہاں کہ رسالت نازل ہوئی اور جس سرزمین کی مٹی کو سید نا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چھونے کا شرف حاصل ہوا ہے، اس جگہ کے لئے یہی مناسب ہے کہ اس کے میدانوں کی تعظیم و توقیر کی جائے اور اس مقام مقدس کی ہوائیں سونگھی جائیں اور اس کے در و دیوار کو بوسہ دیا جائے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مدینہ منورہ قبہ اسلام، دار ایمان، ارضِ ہجرت اور حلال و حرام کا مرکز ہے۔

(مجمع الفوائد جلد ۱ صـ ۲۰۱)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک طویل خواب دیکھا تھا کہ آسمان سے ایک چاند مکہ مکرمہ میں اُترا جس کی وجہ سے سارا مکہ روشن ہوگیا اور پھر وہ چاند آسمان کی طرف چڑھا اور اس کے بعد مدینہ منوّرہ میں جاکر اُترا جس سے سارا مدینہ منورہ روشن ہوگیا اور پھر اس خواب کے آخر میں ہے کہ پھر وہ چاند حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں گیا اور ان کے گھر کی زمین شق ہوگئی جس میں وہ چاند پوشیدہ ہوگیا۔ اس خواب کی تعبیر اللہ تعالیٰ نے علمی رؤس الاشہاد دکھلا دی اور ہمیشہ ہمیشہ کے لئے مدینہ منورہ کو فضیلت و عظمت کا شرف حاصل ہوگیا۔

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے ایک مفصل روایت میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، مدینہ منوّرہ کی دونوں جانب جو کنکریلی زمین ہے اسے میں حرم قرار دیتا ہوں۔ اس لحاظ سے کہ اس کے خار دار درخت کاٹے جائیں یا اس میں شکار کھیلا جائے۔ امام مسلم نے اس روایت کو مختلف طرق سے نقل کیا، اور صحیح بخاری و مسلم میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان

نقل کیا گیا ہے کہ مدینہ منوّرہ جبل عیر اور ثور کے درمیان حرم ہے۔ اور عاصم احول رض بیان کرتے ہیں کہ میں نے انس بن مالک رض سے دریافت کیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کو حرم قرار دیا۔ فرمایا ہاں یہ حرم ہے۔ اس کے خاردار درخت نہیں کاٹے جائیں گے جس نے ایسا کیا۔

فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۔

اور اس پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔ (مسلم)

اور ابو سعید خدری رض سے روایت مروی ہے اور سہل بن حنیف رض بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منوّرہ کی طرف اپنے دستِ مبارک سے اشارہ کر کے فرمایا کہ یہ حرم امن ہے۔ اور طبرانی نے کبیر میں یہ الفاظ نقل کئے ہیں کہ یہ حرم امن ہے۔ غرضیکہ حرمت مدینہ منوّرہ کے بارہ میں احادیثِ مبارکہ کثرت سے مروی ہیں کہ جن کا احاطہ بہت مشکل ہے اور منشا احادیث کا مدینہ منوّرہ کی عظمت کو بیان کرنا ہے کیونکہ مدینہ منوّرہ سیّد المرسلین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مسکن اور انوارِ و برکات کا مرجع ہے تو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے گھر کو حرم قرار دیا ہے۔ اسی طرح اس نے اپنے حبیب و سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے مسکن کو بھی باعظمت اور قابلِ تحریم قرار دیا۔

علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فرمایا کہ میں مدینہ منوّرہ کو حرم قرار دیتا ہوں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ باعظمت قرار دیتا ہوں۔ بزار نے ابن عمر رض سے روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احلام مدینہ منوّرہ یعنی اس کے دروازے منہدم کرنے سے منع فرمایا ہے۔

مدینہ منورہ کی سب سے عظیم الشان خصوصیت یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رض اور حضرت عمر فاروق رض اور اکثر صحابہ کرام رض و تابعین جن کا

مدفن مدینہ منوّرہ ہے۔ ان کو مدینہ منوّرہ ہی کی مٹی سے پیدا کیا گیا۔

قاضی عیاض رح اور ابن عساکر رح وغیرہ نے اس پر امت کا اجماع نقل کیا ہے کہ مدینہ طیبہ کی زمین کا یہ حصّہ بیت اللہ سے بھی افضل ہے بلکہ قاضی عیاض رح اور ابن عقیل رح حنبلی نے فرمایا کہ یہ بقعہ مبارکہ عرش سے بھی افضل ہے کیونکہ آدمی جس جگہ دفن ہوتا ہے اسی جگہ کی مٹی سے ابتدا میں اسے پیدا کیا جاتا ہے تو گویا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اسی مٹی سے پیدا کیا گیا ہے۔ مواہب لدنیہ میں ہے کہ یہ اجماعی مسئلہ ہے کہ جو زمین کا حصّہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک سے ملا ہوا ہے وہ روئے زمین سے افضل ہے حتیٰ کہ کعبہ کی زمین سے بھی افضل ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بدن مبارک زمین میں ہے۔

حضرت علامہ شامی رح فرماتے ہیں کہ صحیح یہ ہے کہ مکہ مکرمہ مدینہ منوّرہ سے افضل ہے مگر مدینہ منوّرہ کی زمین کا وہ حصّہ جو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسدِ اطہر کے ساتھ مَس ہو رہا ہے وہ کلّی طور پر افضل ہے حتیٰ کہ کعبہ اور عرش و کرسی سب سے افضل ہے

امام مالک رح فرماتے ہیں کہ مدینہ طیبہ مکہ مکرمہ سے افضل ہے۔ کیونکہ ہر ایک شہر تلوار سے فتح ہوا مگر مدینہ منوّرہ قرآن سے فتح ہوا اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قیام مدینہ منوّرہ میں اس قدر طویل ہے کہ ہجرت سے لے کر قیامت تک اسی شہر میں قیام ہے۔

امام الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جسدِ اطہر مدینہ منوّرہ کی مٹی سے پیدا کیا گیا ہے۔ اس لئے اس زمین کو تمام روئے زمین پر فضیلت حاصل ہے۔

حضرت علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ روضۂ اطہر کی فضیلت میں کسی کو کوئی کلام نہیں وہ تو بیت اللہ اور عرش و کرسی سے بھی افضل ہے۔

ابو الفضل جوہری رحمۃ اللہ علیہ مدینہ منوّرہ کی زیارت کو حاضر ہوئے اور مکانات

مدینہ منورہ کے قریب آپہنچے تو سواری سے اُتر پڑے اور روتے ہوئے شوق میں اشعار پڑھتے ہوئے پاپیادہ آگے چلے۔

علاوہ ازیں اہل سنت وجماعت، اولیائے کرام، محدثین دیوبند کی امام الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت وعقیدت بھی ملاحظہ فرمائیں۔

چنانچہ حضرت مولانا حکیم منصور علی خان صاحب حیدرآبادی رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ جب منزل بمنزل مدینہ منورہ کے قریب ہمارا قافلہ پہنچا جہاں سے روضۂ اطہر جناب لولاک نظر آتا تھا تو پھر کیا ہوا کہ شیخ المشائخ حجۃ الاسلام قاسم العلوم والخیرات حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ نے فوراً اپنے نعلین اتار کر بغل میں دبالئے اور پابرہنہ چلنا شروع کر دیا تو حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ مدینہ منورہ تک کئی میل آخر شب تاریک میں اسی طرح چل کر پابرہنہ پہنچ گئے۔

(سوانح قاسمی جلد ۳ صـ ۶۱)

اب قطب الاقطاب حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی محبت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ملاحظہ ہو:۔

چنانچہ حضرت الحاج مولانا محمد عاشق الٰہی میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں کہ حضرت امام ربانی قطب الاقطاب حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے قلب میں شافعِ محشر، ساقیٔ کوثر، قاسمِ کوثر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت راسخ ہوگئی تھی اس لیے حرمین شریفین کے خس وخاشاک تک کو آپ محبوب سمجھتے اور خاص وقعت کی نگاہ سے دیکھا کرتے تھے۔ مدنی کھجوروں کی گٹھلیاں پسوا کر صندوقچہ میں رکھ لیتے اور کبھی کبھی سفوف بنا کر پھانکا کرتے تھے۔ ایک دفعہ فرمانے لگے کہ لوگ حرمین شریفین کی چیزوں، زم زم کے ٹین اور تخم خرمایوں ہی پھینک دیتے ہیں۔ یہ نہیں خیال کرتے کہ ان چیزوں کو مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی ہوا لگی ہے۔ حضرت مولانا مولوی محمد اسمٰعیل

فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ مدنی کھجوروں کی گٹھلی پسی ہوئی حضرت نے صندوقچہ میں سے نکال کر مجھے عطا فرمائی کہ لو اس کو پھانک لو ایک مرتبہ مدینہ منورہ کی املی مجھے کھلائی اور ایک دفعہ مدینۃ الرسول کی مٹی عطا فرمائی کہ لو اس کو کھالو۔ میں نے عرض کیا کہ حضرت مٹی کھانا تو حرام ہے۔ آپ نے فرمایا۔ میاں وہ مٹی اور ہوگی یہ مدینہ طیبہ کی مٹی ہے۔

حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کا جی چاہتا تھا کہ ہر مسلمان اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اس درجہ محبت لئے ہوئے ہو کہ حرمین شریفین کی ہوا لگی ہوئی اشیاء کو جان سے زیادہ عزیز سمجھے حضرت مولانا مولوی محمد اسمٰعیل صاحب فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت مولانا نے موم کی بتی کا ذرا سا ٹکڑا مجھے عطا فرمایا اور کہا کہ اس کو نگل جاؤ۔ اور ایک بار غلاف کعبہ کے ریشم کا ایک تار ایثار فرمایا اور کہا کہ اس کو کھالو۔ (تذکرۃ الرشید جلد ۲ صـ ۴۷ تا ۴۹)

ایک مرتبہ قطب الاقطاب حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو کسی نے بطورِ تحفہ رُومال پیش کیا تو آپ نے قبول فرما کر اس رُومال کو چوما اور آنکھوں پر لگایا تو کسی عقیدت مند نے کہہ دیا کہ حضرت جی اس رُومال میں کیا خوبی ہے۔ یہ تو کراچی میں بنتے ہیں تو محدث گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ٹھیک ہے کراچی میں بنتے ہیں، میں تو اس رُومال کو اس نیت سے چوم کر آنکھوں پر لگا رہا ہوں کہ اس رُومال کو مدینہ طیبہ کی ہوا لگی ہے۔ اللہ اکبر یہ ہے عقیدت ومحبت اولیائے کرام، محدثین دیوبند کی جو صحیح معنوں میں امام الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محب ہیں، اور اس قدر پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت میں مستغرق ہیں کہ مدینہ طیبہ کی کھجور کی گٹھلیوں کو پیس کر کھانا اور حتیٰ کہ مدینہ طیبہ کی مٹی وغیرہ کو کھانا بھی باعثِ شفا سمجھتے ہیں۔

قطب الاقطاب حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت میں اس قدر سرشار تھے کہ مدینہ طیبہ کی کھجور کی گٹھلیوں کو پیس کر بطور ناشتہ استعمال فرماتے تھے۔

جو کوئی آئمہ حرمین شریفین کے ساتھ بغض و عداوت رکھے گا اس کے بارے میں ارشادِ نبوی ؐ ملاحظہ ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :۔

- مَنْ غَشَّ الْعَرَبَ لَمْ يَدْخُلْ فِيْ شَفَاعَتِيْ وَلَمْ تَنَلْهُ مَوَدَّتِيْ ۔ (ترمذی)

ترجمہ:۔ جس شخص نے عرب والوں سے دشمنی و بغض رکھا وہ میری شفاعت میں داخل نہ ہوگا اور نہ اسے میری محبت حاصل ہوگی۔

- عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُبْغِضُ الْعَرَبَ فَتُبْغِضَنِيْ ۔ (ترمذی)

ترجمہ:۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کہ تو عرب والوں کے ساتھ بغض رکھے گا تو پس میرے ساتھ بغض رکھے گا۔

اور بندہ ناچیز کی دعا ہے کہ خالقِ کائنات ہر ایک مسلمان کو اہلِ مکہ مکرمہ و اہلِ مدینہ منورہ خصوصاً آئمہ حرمین شریفین کے ساتھ قلبی محبت نصیب فرمائے۔

(آمین ثم آمین)

خاکپائے اہلِ سنت وجماعت اکابرین دیوبند

سعید احمد قادری عفی عنہٗ

فتویٰ ۱

فتویٰ از مفتی مدرسہ حزب الاحناف گنج بخش روڈ۔ لاہور۔

سوال :۔ محترم و مکرم حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم

اسلام علیکم ورحمۃ اللہ !

بندہ سُنّی بریلوی مسلک کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور اعلحضرت مجدد دین وملت حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات پر پوری طرح کاربند ہے۔ بندہ ناچیز اس سال فریضہ حج ادا کرنے حرمین شریفین جا رہا ہے۔ آئمہ حرمین شریفین کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کے متعلق سخت پریشانی کا شکار ہے۔ آپ سے گذارش ہے کہ اعلحضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات کی روشنی میں شرعی مسئلہ تحریر فرمائیں کہ مجھے وہاں جا کر کیا کرنا چاہیئے۔

فقط والسلام

سعید احمد۔ اقبال رائس ملز بالمقابل ریلوے پھاٹک شمالی کامونکے

ضلع گوجرانوالہ۔ ۲۰-۷-۸۵

الجواب :۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ! چونکہ حرمین شریفین کی موجودہ حکومت اپنے سوا تمام اہلِ اسلام کو بالعموم اور اہلِ سنت بریلوی مسلمانوں کو بالخصوص مشرک قرار دیتی ہے اور ہمارے معمولات کو شرک و کفر سے تعبیر کرتی ہے۔ لہٰذا ارشادِ نبوی ؐ کے مطابق کہ جب شخص دوسرے کو کافر کہے اور دوسرا شخص فی الواقع کافر نہ ہو تو کافر کہنے والا خود کافر ہو جاتا ہے، کسی سُنّی صحیح العقیدہ مسلمان کی نماز نجدی عقائد کے کسی شخص کے پیچھے جائز نہیں۔ پس جہاں تک ہو سکے اس سے بچیں اور کبھی کسی وجہ سے پڑھنی

ہی پڑ جائے تو وقت ملنے پر اس کا اعادہ لازمی ہے۔ ورنہ ترکِ نماز کا گناہ سر پر رہے گا۔ فی الحال اہلِ حق، اہلِ سنت کے لئے یہی صورت ممکن ہے۔

لعل اللہ یحدث بعد ذالک امرا۔ واللہ اعلم ورسولہ۔

جل وعلا۔ وصلی اللہ علیہ وسلم۔

دعاگو و دعاجو

عبدالقیوم خاں غفرلہٗ۔ دارالعلوم حزب الاحناف لاہور

(مہر)

(عکس یہ ہے)

محترم و مکرم حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

بندہ سنی بریلوی مسلک سے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور اعلیٰ حضرت مجدد دین و ملت حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات پر پوری طرح کاربند ہے۔ بندہ ناچیز اس سال فریضہ حج ادا کرنے حرمین شریفین جا رہا ہے۔ آئمہ حرمین شریفین کی اقتدا میں نماز ادا کرنے کے متعلق سخت پریشانی کا شکار ہے آپ سے گذارش ہے کہ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات کی روشنی میں شرعی مسئلہ تحریر فرمائیں کہ مجھے وہاں جا کر کیا کرنا چاہیے۔

فقط والسلام

سعید احمد اقبال ڈرائیس ملز

باہمہ قابل ریلوے پھاٹک شمالی کامونکے

ضلع گوجرانوالہ

20-7-85

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ چونکہ حرمین شریفین کی موجودہ حکومت اپنے سوا تمام اہل اسلام کو بالعموم اور اہل سنت بریلوی مسلمانوں کو بالخصوص مشرک قرار دیتی ہے۔ اور ہمارے معمولات کو شرک و کفر سے تعبیر کرتی ہے۔ لہٰذا ارشاد نبوی کے مطابق (کہ جب ایک شخص دوسرے کو کافر کہے اور دوسرا شخص فی الواقع کافر نہ ہو تو کہنے والا کافر ہو جاتا ہے) کسی سنی صحیح العقیدہ مسلمان کی نماز بحدیث عقائد کے کسی شخص کے پیچھے جائز نہیں۔ پس جہاں تک ہو سکے اس سے بچیں اور کبھی کسی وجہ سے پڑھنی ہی پڑ جائے تو وقت ملنے پر اس کا اعادہ لازمی ہے۔ ورنہ ترکِ نماز کا گناہ سر پر رہیگا۔ فی الحال اہل حق اہل سنت کیلئے یہی صورت ممکن ہے

لعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا۔ واللہ اعلم ورسولہ۔ جل وعلا وصلی اللہ علیہ وسلم

دعاگو و دعاجو، عبدالقیوم خاں غفرلہٗ۔ دارالعلوم حزب الاحناف لاہور۔

فتویٰ ۲

فتویٰ از مفتی مدرسہ حسنات العلوم مسجد وزیر خاں لاہور

سوال :- محترم و مکرم حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ !

بندہ سُنّی بریلوی مسلک کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور اعلیٰ حضرت مجدد دین و ملت حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات پر پوری طرح کاربند ہے۔ بندہ اس سال فریضۂ حج ادا کرنے حرمین شریفین جا رہا ہے۔ آئمہ حرمین کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کے متعلق سخت پریشانی کا شکار ہے۔ آپ سے گذارش ہے کہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلویؒ کی تعلیمات کی روشنی میں شرعی مسئلہ تحریر فرمائیں کہ مجھے وہاں جا کر کیا کرنا چاہیئے۔

فقط والسلام

سعید احمد۔ اقبال رائس ملز بالمقابل ریلوے پھاٹک شمالی۔ کامونکے

ضلع گوجرانوالہ

۸۵ — ۱۰ — ۷

الجواب :- محترم۔ سلام مسنون۔

حج مبارک۔ نمازیں لوٹائیں۔ بدعقیدہ کے پیچھے نماز قطعاً نہیں ہوتی ہے۔ نماز عبادت ہے اور فرائض کا جواب وہ ہے۔ اس لئے نماز میں احتیاط کریں۔

والسلام

الجواب مفتی محمد رمضان جامعہ حسنات العلوم مسجد وزیر خان لاہور

(عکس آئندہ صفحہ)

محترم و مکرم مفتی صاحب دامت برکاتہم۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

بندہ سُنّی بریلوی مسلک کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور اعلیٰ حضرت مجدد دین و ملت حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات پر پوری طرح کاربند ہے بندہ اس سال فریضہ حج ادا کرنے حرمین شریفین جا رہا ہے۔ آئمہ حرمین کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کے متعلق سخت پریشانی کا شکار ہے آپ سے گذارش ہے کہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلویؒ کی تعلیمات کی روشنی میں شرعی مسئلہ تحریر فرمائیں کہ مجھے وہاں جا کر کیا کرنا چاہیئے۔

فقط والسلام

سعید احمد اقبال رائس ملز بالمقابل ریلوے پھاٹک شمالی کامونکے ضلع گوجرانوالہ

7-10-85

الجواب
نعم السلام مسنون
حج مبارک نمازیں لوٹائیں بدعقیدہ کے پیچھے
نماز قطعاً نہیں ہوتی ہے نماز عبادت ہے
اور فرائض کا جواب دہ ہے
اس لئے نماز میں احتیاط کریں
مفتی محمد رمضان جامعہ حسنات العلوم مسجد وزیر خان لاہور

فتویٰ ۳

فتویٰ مدرسہ حزب الاحناف گنج بخش روڈ۔ لاہور

سوال :۔ محترم و مکرم حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

بندہ سُنّی بریلوی مسلک کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات پر پوری طرح کاربند ہے اور بندہ اس سال فریضۂ حج ادا کرنے حرمین شریفین جا رہا ہے اور آئمہ حرمین کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کے متعلق سخت پریشان ہے۔ آپ سے گذارش ہے کہ شرعی مسئلہ تحریر فرمائیں کہ مجھے وہاں جاکر کیا کرنا چاہیئے۔

فقط والسلام

سعید احمد۔ اقبال رائس ملز بالمقابل ریلوے پھاٹک شمالی کامونکے

ضلع گوجرانوالہ

۸۵ — ۷ — ۶

الجواب وہوالموفق للصواب :۔

صورت مسئولہ میں وہابیوں اور اہلِ سُنت کے عقائد اور عملی مسائل میں بہت فرق ہے اس لئے اہلِ سُنت[1] کی ان کے پیچھے نماز نہیں ہوتی۔ لہٰذا آپ یہ کیا کریں کہ وضو کرنے میں ہی دیر لگا دیا کریں۔ جب ان کی جماعت ہو جایا کرے۔ تب آپ اپنی نماز الگ پڑھیں۔ اور اگر ایسا موقع نہ ملے تو ان کے پیچھے نماز پڑھ لیا کریں۔ پھر اس

---

[1] اہل سنت کی ان کے پیچھے نماز نہیں ہوتی۔

کے بعد اپنی نماز دُہرا لیا کریں۔ لائل پور والے محدث صاحب جناب سردار محمد صاحب اپنی نماز الگ ہی پڑھا کرتے تھے۔

واللہ تعالےٰ اعلم

احقر العباد مولوی ابوالریان محمد رمضان مفتی دارالعلوم حزب الاحناف لاہور

(عکس یہ ہے)

محترم و مکرم حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم
السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
بندہ سُنی بریلوی مسلک کے ساتھ تعلق
رکھتا ہے بندہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی
رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات پر پوری طرح
کاربند ہے بندہ اس سال فریضہ حج
ادا کرنے حرمین شریفین جا رہا ہے بندہ
آئمہ حرمین کی اقتداء میں نماز باجماعت
ادا کرنے کے متعلق سخت پریشان ہے
آپ سے گذارش ہے کہ شرعی مسئلہ تحریر
فرمائیں کہ مجھے وہاں جاکر کیا کرنا چاہیے
فقط والسلام

سعید احمد اقبال رائس ملز بالمقابل
ریلوے پھاٹک شمالی کامونکے
ضلع گوجرانوالہ۔
6-7-85

الجواب وھو الموفق للصواب

صورت مسئولہ میں وہابیوں اور اہل سنت کے عقائد اور عملی مسائل میں بہت فرق ہے اس لئے اہل سنت کی ان کے پیچھے نماز نہیں ہوتی۔ لہٰذا آپ یہ کیا کریں کہ وضو کرنے میں ہی دیر لگا دیا کریں جب ان کی جماعت ہو جایا کرے۔ تب آپ اپنی نماز الگ پڑھیں اور اگر ایسا موقع نہ ملے تو ان کے پیچھے نماز پڑھ لیا کریں پھر اس کے بعد اپنی نماز دہرا لیا کریں۔ لائل پور والے محدث صاحب جناب سردار محمد صاحب اپنی نماز الگ ہی پڑھا کرتے تھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

احقر العباد مولوی ابو الریان محمد رمضان مفتی دار العلوم حزب الاحناف لاہور

فتویٰ ۴

فتویٰ از مفتی مدرسہ حزب الاحناف گنج بخش روڈ لاہور

سوال محترم و مکرم حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

بندہ سنی بریلوی مسلک کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور اعلیٰ حضرت مجدد دین و ملت حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات پر پوری طرح کاربند ہے۔ بندہ ناچیز اس سال فریضہ حج ادا کرنے حرمین شریفین جا رہا ہے۔ آئمہ حرمین کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کے متعلق سخت الجھن کا شکار ہے۔ آپ سے گذارش ہے کہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات کی روشنی میں شرعی مسئلہ تحریر فرمائیں کہ مجھے وہاں جا کر کیا کرنا چاہیئے۔

فقط والسلام

سعید احمد۔ اقبال رائس ملز بالمقابل ریلوے پھاٹک شمالی کامونکے
ضلع گوجرانوالہ

۲۳-۷-۸۵

الجواب وھو الموفق للصواب

صورت مسئولہ میں وہابی لوگ اہل سنت کے خلاف عقائد رکھتے ہیں اور عملی باتوں میں فرق ہے۔ جیسے دو مٹکے پانی میں اگر نجاست گر جائے تو ان کے نزدیک وہ پانی پاک ہی رہتا ہے اور حنفی مذہب کی رو سے وہ پانی ناپاک اور قابل وضو و غسل نہیں رہتا اور ان کا عقیدہ ہے کہ خدا جھوٹ بول سکتا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم جیسا اور نبی پیدا ہو سکتا ہے اور نبی علیہ السلام کا درجہ بڑے بھائی کے برابر ہے۔ اور انبیاء خصوصاً رسول اکرم صلی اللہ علیہ

وسلم کا علمِ غیب نہیں مانتے حالانکہ قرآن وحدیث سے ثابت ہے کہ نبیوں کو غیب کا علم ہوتا ہے اور نبی کے معنیٰ ہیں غیب کی خبریں بتانے والا۔ لہٰذا اہلِ سنت کی نماز وہابی عقائد کے پیچھے نہیں ہوتی اس لئے آپ باتو وضو کرتے وقت ہی دیر لگادیں اور اپنی نماز الگ پڑھیں۔ اگر ایسا موقعہ نہ ملے تو اپنی نماز دوبارہ پڑھیں اور دوہرائیں۔ حضرت محدث رحمۃ اللہ علیہ جب حج تشریف لے گئے تو آپ نماز اپنی الگ پڑھتے تھے۔ اس لئے آپ بھی یا تو نماز الگ پڑھا کریں یا پھر اپنی نماز کو دوہرایا کریں۔ محدث صاحب مولانا سردار احمد صاحب یہی کرتے تھے۔ ان کی شکایت بھی ہوگئی تھی۔ آپ عالمِ دین تھے تو آپنے بحث مباحثہ کرکے اپنا پیچھا چھڑایا تھا۔ ان کا عمل ہمارے لئے باعثِ تقلید ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

احقر العباد مولوی ابوالریان محمد رمضان مفتی دارالعلوم حزب الاحناف لاہور

مورخہ ۲۳ر جولائی ۱۹۸۵ء

(عکس یہ ہے) (مُہر)

مکرم ومکرم مفتی صاحب دامت برکاتہم۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

بندہ وشی بریلوی مسلک سے تعلق رکھتا ہے اور دلی عقیدت محبت ومحبت عقیدت سیدنا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات بریلوی مکتب فکر کا پیرو ہے۔ بندہ نے امسال فریضہ حج ادا کرنے حرمین شریفین جانا ہے۔ آپ سے حرمین کی اقتدا میں نماز ادا کرنے کے متعلق شرعی حکم کا شکار ہے آپ سے گذارش

ہے کہ دلی عقیدت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات کی روشنی میں شرعی مسئلہ تحریر فرمائیں کہ کیسے وہاں ادا کرنا چاہیے۔

فقط والسلام۔

سعید احمد اقبال درنس ملنر

ٹاٹ مقابل ریلوے کراسنگ شمالی کامونکے

ضلع گوجرانوالہ۔

23-7-85

الجواب وھو الموفق للصواب

صورت مسئولہ میں بریلوی نوٹ اہل سنت کے خلاف عقائد رکھتے ہیں اور عمل بالزن میں فرق ہے جیسے دو مٹکے پانی ہو اگر نجاست غیر فاحشہ مثلاً خون کے نزدیک دو پانی پاک ہی رہتا ہے اور حنفی مذہب کی رو سے وہ پانی ناپاک اور قابل وضو وغسل نہیں رہتا۔ اور ان کا عقیدہ ہے کہ خدا جھوٹ بول سکتا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم صبیا اور نبی بیدا ہو سکتا ہے۔ اور نبی علیہ السلام کا درجہ بڑے بھائی کے برابر ہے۔ اور اپنا خصوصاً رکھتا ہے کہ ہم صلی اللہ علیہ وسلم کا علم غیب نہیں مانتے حالانکہ قرآن وحدیث سے ثابت ہے کہ نبیوں کو غیب کا علم ہوتا ہے اور نبی کے معنیٰ ہیں غیب کی خبریں بتانے والا لہٰذا اہلِ سنت کی نماز وہابی عقائد کے پیچھے نہیں ہوتی اس لئے آپ باتو وضو کرتے وقت ہی دیر لگادیں اور اپنی نماز الگ پڑھیں۔ اگر ایسا موقعہ نہ ملے تو اپنی نماز دوبارہ پڑھیں اور دوہرائیں۔ حضرت محدث رحمۃ اللہ علیہ جب حج تشریف لے گئے تو آپ نماز اپنی الگ پڑھتے تھے۔ اس لئے آپ بھی یا تو نماز الگ پڑھا کریں یا پھر اپنی نماز کو دوہرایا کریں۔ محدث صاحب مولانا سردار احمد صاحب یہی کرتے تھے۔ ان کی شکایت بھی ہوگئی تھی۔ آپ عالمِ دین تھے تو آپنے بحث مباحثہ کرکے اپنا پیچھا چھڑایا تھا۔ ان کا عمل ہمارے لئے باعثِ تقلید ہے واللہ تعالیٰ اعلم

احقر العباد مولوی ابوالریان محمد رمضان مفتی دارالعلوم حزب الاحناف لاہور

مورخہ ۲۳ر جولائی ۱۹۸۵ء

فتویٰ ۵

فتویٰ از مفتی مدرسہ حزب الاحناف گنج بخش روڈ۔ لاہور

سوال :۔ محترم و مکرم قبلہ حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

